انٹرنیٹ کا انتخاب

یہ سوالات آپ کی مدد کرسکتے ہیں کہ آپ کے لئے کس قسم کی انٹرنیٹ سروس بہتررہے گی۔ ہرسوال کوپڑھیں اورپھراپنے جواب پرٹک کا نشان لگائیں۔

آپ اپنے ڈیوائس کوکہاں استعمال کرنا چاہتے ہیں؟

(الف) گھر پر۔۔

(ب) گھر سے باہر۔۔

آپ کے پاس کون سی ڈیوائس ہے؟

(الف) ڈیسک ٹاپ کمپیوٹر،لیپ ٹاپ، ٹیبلٹ یا اسمارٹ فون

(براہ مہربانی نوٹ کرلیں آپ ان ڈیوائسزپرصرف فکسڈ انٹرنیٹ استعمال کرسکتے ہیں۔)

(ب) اسمارٹ فون۔

آپ ہرمہینے تقریبا کتنا خرچ کرنا چاہتے ہیں؟

(الف) اکثر۔ مثلاً روزانہ دن کے زیادہ ترحصے میں۔

(ب) کم ــــ مثلاً ہر کچھ دن بعد

آپ ہرمہینے تقریبا کتنا خرچ کرنا چاہتے ہیں؟

(الف) بیس پاؤنڈ یا زیادہ

(ب) بیس پاؤنڈ سے کم

جمع کریں آپ نے کتنے **(الف)** ٹک کئے۔ جمع کریں آپ نے کتنے **(ب)** ٹک کئے۔

اگرآپ نے زیادہ ٹک **(الف)** پرلگائے ہیں تو **فکسڈ انٹرنیٹ** آپ کے لئے بہترین ہے۔
اگرآپ نے زیادہ ٹک **(ب)** پرلگائے تو **موبائل انٹرنیٹ** آپ کے لئے بہترین ہے۔

فکسڈ اورموبائل انٹرنیٹ کے بارے میں دوسرے پیجز دیکھئیے ۔

برائے مہربانی نوٹ کرلیں یہ صرف ایک گائیڈ لائن ہے اس مقصد یہ نہیں کہ آپ کولازمی ایک قسم کا انٹرنیٹ لینا چاہئیے یا دوسری قسم کا ۔

فکسڈ انٹرنیٹ

فکسڈ انٹرنیٹ ایک جگہ انٹرنیٹ سروس فراہم کرتا ہے جیسا کہ آپ کا گھر۔ اسے براڈ بینڈ، فائبر آپٹک یا وائے فائی۔

یہ سروس انٹرنیٹ سروس پروائیڈفراہم کرتے ہیں۔

آپ کویہ سروس استعمال کرنے کے لئے موڈیم یا راؤٹرکی ضرورت ہوگی۔
یہ آپ کوسروس پروائیڈ فراہم کریں گے۔

آپ یہ انٹرنیٹ ڈیسک ٹاپ کمپیوٹرز، لیپ ٹاپس ، ٹیبلیٹس، اسمارٹ ٹی وی اوراسمارٹ فونز پراستعمال کرسکتے ہیں جب تک آپ گھرپرہوں۔

آپ کا عموماً کنٹریکٹ ہوتا ہے جس کی آپ کوماہانہ تقریبا بیس پاؤنڈ یا زیادہ فیس ادا کرنا ہوتی ہے۔ کبھی کبھار اس کم فیس بھی ہوتی ہے۔

انٹرنیٹ سروس پروائیڈر کا انتخاب

بہت سے انٹرنیٹ سروس پروائیڈز کام کررہے ہیں۔ بی ٹی ، ورجن میڈیا ، اسکائی، پلس نیٹ اور ٹاک ٹاک مقبول سروس پروائیڈرز ہیں۔

آپ کا ٹیلی فون پروائیڈر آپ کے ٹیلی فون پیکج میں انٹرنیٹ شامل کرکے اسے آپ گریڈکرسکتا ہے۔

یہ بہترہوگا کہ آپ دوسرے سروس پروائیڈرز کوبھی چیک کرلیں کیونکہ قیمتوں میں فرق ہوسکتا ہے۔

ان چیزوں کو دیکھیں:

- پیکج کی قیمت۔
- کانٹریکٹ کی مدت۔
- کیا اس میں ٹیلی فون لائن کا رینٹ شامل ہے۔
- کیا کوئی سیٹ اپ فیس ہے۔

- ایوریج اسپیڈ۔۔ایوریج اسپیڈ میگا بائٹس(ایم بی) میں ناپی جاتی ہے اوریہ بتاتی ہے کہ ویب سائٹ کتنی رفتارسے اپ لوڈ ہوگی یا ایپ کتنی جلدی ڈاؤن لوڈ ہوگا۔

انٹرنیٹ پیکجز کوچیک کرنے اوران کا موازنہ کرنے کے لئے یوسوئچ اچھی جگہ ہے۔

www.uswitch.com/broadband

جب آپ ایک دفعہ انٹرنیٹ سروس پروائیڈر اورسروس کا انتخاب کرلیں گے تو سروس پروائیڈر کمپیوٹرٹیکنیشن کوآپ کے گھر بھیجے گا جو آپ کا انٹرنیٹ کنکشن سیٹ کرے گا۔ اس کام میں کچھ ہفتے لگ سکتے ہیں۔

موبائل انٹرنیٹ

موبائل انٹرنیٹ گھر اورگھر سے باہر دونوں جگہ انٹرنیٹ سروس دیتا ہے۔

یہ سروس موبائل فون نیٹ ورکس فراہم کرتے ہیں۔

آپ یہ سروس اسمارٹ فون پرانٹرنیٹ کے لئے استعمال کرسکتے ہیں۔

قیمت مختلف ہوتی ہے۔ دس پاؤنڈ ہرکچھ مہینے بعد یا تیس پاؤنڈ سے زیادہ ہرمہینے۔
اس کا انحصاراس بات پرہے کہ آپ کون سا پلان منتخب کرتے ہیں۔

موبائل فون نیٹ ورک اورپلان کا انتخاب

بہت سے موبائل فون نیٹ ورک پروائیڈرز موجود ہیں۔ او ٹو ، گف گیف اورای ای مقبول ہیں۔

ایسے سروس پروائیڈر کا انتخاب کریں جس کی آپ کے علاقے میں اچھی کوریج ہو اورآپ کی ضرورت پرپورا اترتا ہو۔

آپ کوپے ایز یو گو پلان، سم اونلی ڈیل یا کانٹریکٹ میں سے انتخاب کرنا ہوگا۔

یہ وہ ہے جس سے آپ موبائل انٹرنیٹ کی فیس ادا کرسکیں گے۔

پے - ایز۔ یو۔ گو پلان

آپ ایسے موبائل فون نیٹ ورک کوقیمت ادا کرسکتے ہیں جوآپ کوکریڈٹ بیلنس دے۔

جب آپ اپنے فون سے کال،ٹیکسٹ کرتے ہیں یا انٹرنیٹ استعمال کرتے ہیں توکچھ رقم آپ کے کریڈٹ بیلنس سے لے لی جاتی ہے۔ آپ کا کریڈٹ بیلنس ختم ہونے لگے تو آپ کو ٹاپ اٹ اپ یا پھر سروس پروائیڈرکودوباررقم ادا کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

سم۔اونلی ڈیل

آپ ہرمہینے ایک طے شدہ رقم ادا کرتے ہیں جس کے بدلے آپ کومخصوص تعداد میں کالز، ٹیکسٹ کرنے اورڈیٹا(انٹرنیٹ) مفت استعمال کی سہولت ملتی ہے۔ اگرآپ مخصوص تعداد سے تجاوز کریں گے تواس کے پیسے الگ سے ادا کرنا ہوں گے۔۔ سم اونلی ڈیلز
کوتبدیل یا ختم کرنا بہت آسان ہے۔

کانٹریکٹ

سم اونلی ڈیل کی طرح ہرمہینے آپ مخصوص رقم دیتے ہیں جس کے بعد آپ کالز،ٹیکسٹ اورڈیٹا(انٹرنیٹ) مخصوص تعداد میں مفت استعمال کرسکتے ہیں۔

کانٹریکٹس عموماً مہنگے ہوتے ہیں کیونکہ اس میں فون کے اخراجات بھی شامل ہوتے ہیں۔

کانٹریکٹس کا طے شدہ مدت سے پہلے ختم کرنا مشکل ہوتا ہے۔

منی سیونگ ایکسپرٹ کمپئیرز پے ایز یو گو سم کارڈز

https://www.moneysavingexpert.com/mobiles/best-pay-as-you-go-sim-cards/

یو سوئچ کمپئیرز سم اونلی ڈیلز

https://www.uswitch.com/mobiles/compare/sim_only_deals/

یو سوئچ کمپئیرز موبائل فونزکانٹریکٹس

https://www.uswitch.com/mobiles/compare/cheap_mobile_phones/

مزید تعاون کے لئے

مانچسٹرڈیجیٹل چمپئینز کی جانب سے فون پرمعاونت

آپ کے پاس ایسا ڈیوائس ہے جوانٹرنیٹ سے کنیکٹ ہے؟

اس کے استعمال کے لئے مدد کی ضرورت ہے؟

ہمارے پاس ڈیجیٹل چیمپئینز کی ٹیم موجود ہے جوٹیلی فون پرمانچسٹرکے رہائشیوں کومدد فراہم کرے گی۔پندرہ زبانوں میں کالزکی جاسکتی ہیں۔

0786 0064128 پرکال یا

digitalinclusion@manchester.gov.uk پر ای میل کریں ۔

ہم آپ کوخود کال کریں گے اورمدد فراہم کریں گے

کووڈ ۱۹ کےدوران رابطے میں رہیں

آن لائن آنے کے لئے اگرآپ کومدد اورسپورٹ کی ضرورت ہے توکمیونٹی کووڈ۱۹ سپورٹ ہیلپ لائن کے نمبر

0800 2346123 پرکال کریں

یا

digitalinclusion@manchester.gov.uk پرای میل کریں۔

مزید معلومات کے لئے:

https://www.manchester.gov.uk/downloads/download/7239/stay_connected_through_covid-19_leaflets

---

This guide was produced in partnership with the following groups, networks and organisations:

buzz Manchester Health & Wellbeing Service

Age Friendly Manchester

NHS Greater Manchester Mental Health NHS Foundation Trust

Women's Voices Manchester

Manchester Wellbeing Fund

Manchester City Council

All information provided at time of writing and distribution is true and correct but may change without notice. We will endeavor to keep information updated each month. Please check out the website for the latest downloadable version: https://buzzmanchester.co.uk/

For further information about this guide, please email: simon.kitchin@gmmh.nhs.uk or lorna.dawson@gmmh.nhs.uk

[Version 7 Android_Urdu_October 2020]